# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 15 August 2026**

**Time : 09:25 AM**

---

## Opening

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مبشر رفاعی

---

تقریب

قوم آج حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایان شان طریقے پر اپنا 80 واں یوم آزادی منا رہی ہے۔جشن آزادی کے سلسلے میں پورے ملک میں خصوصی تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب آج نئی دلی کے تاریخی لال قلعے پر منعقد ہوئی جہاں وزیر اعظم نریندر مودی نے تقریب کی قیادت کی اور قومی جھنڈا لہرایا۔اس سے پہلے وزیر اعظم راج گھاٹ گئے اور وہاں مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت ادا کیا۔ اس سال کی یوم آزادی کی تقریب کی خاص بات یہ رہی کہ اس تقریب پر پہلی مرتبہ قومی گیت وندے ماترم کی دُھن بجائی گئی۔ترنگا پھیرانے کے بعد وزیر اعظم نے لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کیا۔

وزیر اعظم خطاب

اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ پوری دنیا امیدوں کے ساتھ بھارت کی طرف سے دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 12 برسوں کے دوران ملک کے ہر ایک شہری نے بھارت کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جانے میں اپنا رول ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آزادی کے 100 سال پورا ہونے پر ملک وکست بھارت کا نشانہ حاصل کر کے رہے گا۔

______(مودی)_________

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے دفاعی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور بھارت اب 100 سے زیادہ مما لک کو دفاعی ساز وسامان فراہم کر رہا ہے۔

JK تقریب

ادھر جموں کشمیر میں بھی یوم آزادی کی تقریبات پورے جوش و جزبے کے ساتھ منائی جا رہی ہیں۔یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب اب سے تھوڑی دیر بعد بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوگی جہاں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ قومی پرچم پھیرائیں گے

اور مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔ جموں کے ایم اے ایم سٹیڈیم میں بھی یوم آزادی کی تقریب منعقد ہو رہی ہے جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری قومی جھنڈا لہرا کر مارچ ماسٹ پر سلامی لیں گے۔ اسی طرح کی پُر وقار تقاریب یو ٹی کے تمام ضلع اور تحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہو رہی ہیں۔

انتظامات

یو ٹی بھر میں یوم آزادی کی تقریبات خوش اسلوبی اور احسن طریقے پر منعقد کرانے کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ سلامتی بندوبست کو چوکس رکھا گیا ہے۔

آکاشوانی تقریب

آکاشوانی سرینگر کے احاطے میں بھی یوم آزادی کی تقریبات کے تحت قومی ترنگا لہرانے کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعہ پر سٹیشن کے سربراہ گربندر سنگھ نے قومی جھنڈا لہرا کر سلامی لی۔ تقریب پر نیم فوجی دستوں کی ٹکڑی اور سٹیشن کے سبھی افسروں اور دیگر ملازمین نے بھی شرکت کی۔

آزادی مبارکباد

نائب صدر جمہوریہ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور کئی دیگر کابینی وزرا نے ملک کے عوام کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

ایل جی پیغام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے یوم آزادی کے موقعے پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے جدوجہد آزادی کے تمام لیڈروں، مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

انہوں نے ملک کی یکجہتی اور سالمیت کیلئے بے مثال کام کرنے والے مسلح افواج، نیم فوجی دستوں، جموں و کشمیر پولیس اور دیگر ایجنسیوں کا شکریہ ادا کیا۔

ایل جی مبارکباد

دریں اثنا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے یوم آزادی کے موقعے پر کیرتی چکر اور شوریہ چکر حاصل کرنے والے جموں کشمیر پولیس کے بہادر اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کیرتی چکر پانے والوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

وزیراعلیٰ

دریں اثناوزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عوام بالخصوص جموں کشمیر کے لوگوں کو **80** ویں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک پیغام میں انہوں نے جموں کشمیر کو مزید مضبوط اور ترقی یافتہ بنانے نیز جمہوریہ، یکجہتی ،امن اور ترقی جیسے اقدار کو تقویت بخشنے کے عزم کو دہرایا۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت کی معیشت دنیا کے مختلف حصوں میں جنگ اور غیر مستحکم صورتحال کے باوجود تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔کل شام یوم آزادی کے سلسلے میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آتم نربھر بھارت ابھیان نے ملک کی اقتصادیات اور قومی سلامتی کی بنیادوں پر مزید مضبوط کیا ہے۔صدر جمہوریہ نے آپریشن سندور کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت پسندی کے خلاف بھارت کے اس تاریخی آپریشن سے بھارت کے مسلح افواج کی عظیم صلاحیتوں کی عکاسی ہوئی۔

ایام میلاد

آج ہجری سال **1448** کے تیسرے مہینے ربیع الاول کی پہلی تاریخ ہے اور یوں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہوا ہے۔

موسم

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18** اعشاریہ **5** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** اعشاریہ **6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Cloasing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خداحافظ